## سوال

علی بن ابی طالب کی اولادالسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ حضرت علی بن ابی طالب کی اولاد کے نام بتائیں۔ ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کے بچوں کی تعداد28 سے زیادہ تھی۔ حضرت سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیھا سے آپ کو تین فرزند ہوئے۔ حضرت محسن علیہ السّلام، امام حسن علیہ السّلام اور امام حسین علیہ السّلام، جبکہ ایک صاحبزادی حضرت زینب علیہ السّلام بھی حضرت سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیھا سے تھیں۔ باقی ازواج سے آپ کو جو اولاد ہوئی، ان میں حضرت حنیفہ، حضرت عباس بن علی علیہ السّلام شامل ہیں۔ علی ابن طالب علیہ السلام کی اولاد یہ ہیں : سیدنا حسن علیہ السّلام۔ سیدنا حسین علیہ السّلام۔ زینب علیھا السّلام۔ ام کلثوم علیھا السّلام۔ عباس علیہ السّلام۔ عمر ابن علی۔ جعفر ابن علی۔ عثمان ابن علی۔ محمد الاکبر ( محمد بن حنفیہ )۔ عبداللہ۔ ابوبکر۔ رقیہ۔ رملہ۔ نفیسہ۔ خدیجہ۔ ام ہانی ۔جمانی۔ امامہ۔ مونا۔ سلمیٰ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث